فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝١٢

١٢۔ پس جو چاہے اسے یاد رکھے۔

فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝١٣

١٣۔ قابل ادب ورقوں میں لکھا ہوا۔

مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝١٤

١٤۔ جو بلند مقام پر رکھے ہوئے اور پاک ہیں۔

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝١٥

١٥۔ ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہیں۔

كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝١٦

١٦۔ جو بلند مرتبہ اور نیکو کار ہیں۔

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝١٧

١٧۔ انسان مارا جائے یہ کیسا ناشکرا ہے۔

مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝١٨

١٨۔ اسے اللہ نے کس چیز سے بنایا۔

مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝١٩

١٩۔ نطفے سے بنایا پھر اسکا اندازہ مقرر کیا۔

ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝٢٠

٢٠۔ پھر اسکے لئے رستہ آسان کر دیا۔

ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝٢١

٢١۔ پھر اسکو موت دی سوا سے قبر میں پہنچایا۔

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝٢٢

٢٢۔ پھر وہ جب چاہے گا اسے اٹھا کھڑا کریگا۔

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝٢٣

٢٣۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ نے اسے جو حکم دیا اس نے اس پر عمل نہ کیا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝٢٤

٢٤۔ تو انسان کو چاہیئے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرے۔

اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۝٢٥

٢٥۔ بیشک ہم ہی نے پانی برسایا۔

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝٢٦

٢٦۔ پھر ہم ہی نے زمین کو اچھی طرح پھاڑا۔